رہبر معظم کا حاج ذبیح اللہ بخشی کے انتقال پر تعزیتی پیغام – 5 /Jan/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے محاذ جنگ کے عظیم مجاہد اور دلیر مرد حاج ذبیح اللہ بخشی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محاذ جنگ کے عظیم مجاہد و دلاور، دو شہیدوں کے باپ اور ہزاروں مجاہدوں اور شہداء کے قریبی دوست اور ساتھی مرحوم حاج ذبیح اللہ بخشی کے انتقال پرراہ حق کے تمام مجاہدوں اور اس مرحوم کے محترم خاندان کو تعزیت پیش کرتا ہوں نیزاللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے درجات کی بلندی اور ان کے پسماندگان کے لئے صبر جمیل طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

15/دی ماہ /1390